نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے موسمی مکئی کی کاشت کیلئے سفارشات جاری کر دیں

لاہور:08اگست 2023(   )ترجمان محکمہ زراعت کے مطابق موسمی مکئی اگست کے وسط تک کاشت کی جاتی ہے۔ مکئی زرخیز زمین میں کاشت کی جاتی ہے۔ ریتلی اور کلراٹھی زمین مکئی کیلئے موزوں نہیں ہوتی۔ کاشتکار مکئی کی کاشت کیلئے محکمہ زراعت پنجاب کی منظور شدہ **عام اقسام** ملکہ 2016، گوہر 19، ساہیوال گولڈ، سٹ پاک، پاپ-1، سویٹ-1 اور **ہائبرڈ اقسام** وائی ایچ-1898، ایف ایچ-1046، وائی ایچ-5427، وائی ایچ-5561 اور وائی ایچ-5568 استعمال کریں۔ زمین کی تیاری کیلئے اس میں تین سے چار مرتبہ ہل اور سہاگہ چلائیں۔ اگر زمین کی تہہ سخت ہے تو پہلی دفعہ اِس میں پلٹنے والا ہل چلائیں۔ بارانی علاقوں میں مکئی بذریعہ ڈرل کاشت کی جاتی ہے اور اسکا شرح بیج 12 سے 15 کلوگرام فی ایکڑ ہوتا ہے۔نہری علاقوں میں مکئی چوپے سے کاشت کی جاتی ہے اور اسکا شرح بیج 8 سے 10 کلوگرام فی ایکڑ ہوتا ہے۔نہری علاقوں میں موسمی مکئی کی کاشت کیلئے کھیت میں اڑھائی فٹ باہمی فاصلے کی شرقاً غرباً وٹیں بنائیں۔ ہلکا پانی لگانے کے فوراً بعد نمی پہنچنے سے پہلے وٹوں کی ڈھلوان پر مکئی کا ایک ایک بیج بذریعہ چوپا لگائیں۔ بیج شمال کی سمت لگائیں تاکہ دھوپ کم پڑے اور نمی کی وجہ سے اُگاؤ اچھا ہو۔ ہائبرڈ اقسام شمالاً جنوباً وٹوں کی ڈھلوان پر ہلکے پانی کے بعد 6 سے 8 انچ پر لگائیں اور بہتر پیداوار کیلئے 4 سے 5 دن کے بعد فصل کو پانی ضرور لگائیں۔ بارانی علاقوں میں مکئی ڈرل، پلانٹر یا کیرا سے کاشت کریں۔

☆☆☆☆